e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14•RNI No. UPURD/2001/6110
LUCKNOW
# روزنامہ اودھ نامہ
# avadhnama
Rs.3/-Vol- 24 , Issue, 58 Thursday , November 28 2024 Pages -8
قیمت ۳/روپیہ جلدنمبر(۲۴)شمارہ نمبر(۵۸) لکھنؤ، بروز جمعرات ۲۸۔نومبر ۲۰۲۴ء، مطابق ۲۵/جمادی الاول ۱۴۴۶ھ صفحات۔۸

## صحیح امیدوار کا انتخاب کرنے سے پانچ سال تک ترقی ہوتی ہے: آتشی

نئی دہلی، 27 نومبر (یو این آئی) دہلی کی وزیر اعلیٰ آتشی نے کہا کہ اگر عوام صحیح پارٹی اور صحیح امیدوار کو ووٹ دیں تو پانچ سال تک علاقے کی ترقی ہوتی ہے۔ محترمہ آتشی نے بدھ کو بدر پور اسمبلی میں منعقدہ ورکرز کانفرنس میں عام آدمی پارٹی کے کارکنوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ دہلی کے لوگ ایک کام کرنے والی حکومت چاہتے ہیں، اس لیے سب نے عہد کیا کہ اروند کیجریوال کو دوبارہ دہلی کا وزیر اعلیٰ بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن میں عوام صرف ایک دن کے لیے ووٹ ڈالنے جاتے ہیں لیکن عوام کے اس ایک ووٹ کا اثر پانچ سال تک رہتا ہے۔ اگر لوگ صحیح پارٹی اور صحیح امیدوار کو ووٹ دیں تو پانچ سال تک علاقہ ترقی کرتا ہے لیکن اگر لوگ غلط پارٹی کے امیدوار کو ووٹ دیتے ہیں تو انہیں پانچ سال تک اس کا خمیازہ بھگتنا پڑتا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا پانچ سال پہلے بدر پور اسمبلی میں بھی ایسا ہی ہوا تھا۔

## دہلی کو صاف ستھرا اور خوبصورت بنانے میں تعاون کریں: کیجریوال

نئی دہلی، 27 نومبر (یو این آئی) عام آدمی پارٹی (اے اے پی) کے قومی کنوینر اروند کیجریوال نے کہا کہ ہم سب مل کر صفائی کارکنوں کو عزت دیں اور اپنی دہلی کو صاف ستھرا اور خوبصورت بنانے میں اپنا تعاون دیں۔ مسٹر کیجریوال نے بدھ کو اپنے علاقے کے صفائی ستھرائی کے کارکنوں سے اپنی رہائش گاہ پر ملاقات کے دوران ان کے تعاون کی تعریف کی اور ان کی زندگیوں کو آسان بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ صفائی کے کارکنوں کی محنت کا احترام کرنا ہم سب کا فرض ہے۔ دہلی والوں سے اپیل ہے کہ آپ بھی چھٹی کے دن اپنے گھر کے ارد گرد صفائی کرنے والے کارکنوں کو بھی چائے پر بلائیں اور ان سے اپنی خوشی اور غم کے بارے میں بات کریں۔ انہیں بہت اچھا لگے گا۔ انہوں نے کہا کہ وہ بھی ایک عام گھرانے سے ہیں اس لیے ہم جانتے ہیں کہ عام آدمی کے گھر کا سب سے بڑا مسئلہ کیا ہوتا ہے۔

# اسرائیل اور لبنان کے درمیان جنگ بندی بحال

## نتن یاہو نے لبنان کے ساتھ جنگ بندی کے معاہدے کی تصدیق کی



بیروت، 27 نومبر (یو این آئی) اسرائیل اور لبنان کے درمیان جنگ بندی معاہدہ نافذ ہو گیا۔ امریکہ کے صدر جو بائیڈن نے اعلان کیا کہ لبنان اور اسرائیل کی حکومتوں کے درمیان جنگ بندی معاہدے پر رضامندی ہوئی ہے۔ اسرائیل اور حزب اللہ کے درمیان فائر بندی کا معاہدہ آج بدھ کو مقامی وقت کے مطابق صبح 4 بجے سے عمل میں آ گیا۔ اس سے قبل امریکی وساطت سے طے پانے والے معاہدے کے حوالے سے امریکی صدر جو بائیڈن نے بتایا کہ اس جنگ بندی کی مدت 60 روز ہے جس کا مقصد "مستقل جنگ بندی" کو یقینی بنانا ہے۔ یہ جنگ بندی اسرائیل اور حزب اللہ کے بیچ ایک سال تک سرحد پار فوجی مقابلے اور دو ماہ کی کھلی جنگ کے بعد سامنے آئی ہے۔ ادھر العربیہ کی نامہ نگار کے مطابق بیروت کی فضاؤں میں اسرائیل کے جاسوس طیاروں کی پروازوں کا سلسلہ رک گیا ہے۔

اطلاعات کے مطابق، اسرائیلی فوج اور حزب اللہ کے انخلا کے بعد، اسرائیل۔لبنان سرحد سے لطانی دریا تک 5 ہزار سے 10 ہزار لبنانی فوجی تعینات کیے جائیں گے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے قرارداد 1701 کے مطابق، لبنان میں ان گروہوں کی دوبارہ اسلحہ بندی کو روکنے کے لیے، لبنان کی حکومت اسلحہ کی فروخت یا تولید پر نگرانی کرے گی۔

اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نتن یاہو کے دفتر نے بدھ کو لبنان کے ساتھ امریکہ کے مجوزہ جنگ بندی معاہدے کو باضابطہ طور پر منظوری دینے کا اعلان کیا۔ منگل کے آخر میں امریکی صدر جو بائیڈن نے کہا کہ اسرائیل اور لبنانی حکومتوں نے جنگ بندی کے لیے واشنگٹن کی تجویز کو قبول کر لیا ہے، جس کے تحت دیگر چیزوں کے ساتھ ساتھ اسرائیلی فوجی 60 دنوں میں لبنان سے واپس چلے جائیں گے۔ وزیر اعظم کے دفتر نے ایک بیان میں کہا" ، سیکیورٹی کابینہ نے آج شام لبنان میں جنگ بندی کے انتظامات کے لیے امریکی تجویز کو 1-10 ووٹوں سے منظور کر لیا۔" "اسرائیل اس عمل میں امریکی تعاون کی تعریف کرتا ہے اور اپنی سلامتی کو لاحق کسی بھی خطرے کے خلاف کارروائی کرنے کے اپنے حق کو برقرار رکھتا ہے۔" قابل ذکر ہے کہ یکم اکتوبر سے اسرائیل جنوبی لبنان میں حزب اللہ کے خلاف زمینی مہم چلا رہا ہے۔ بھاری نقصانات کے باوجود لبنان زمین پر اسرائیلی فوجیوں کا مقابلہ کر رہا ہے اور سرحد پار سے راکٹ فائر کر رہا ہے۔ اسرائیل کا کہنا ہے کہ اس کا بنیادی مقصد شمال میں گولہ باری سے چلے جانے والے 60,000 رہائشیوں کی واپسی کے لیے حالات پیدا کرنا ہے۔ لبنان میں اقوام متحدہ کے امن دستوں پر حملہ کرنے پر یہودی ریاست کو تنقید کا بھی سامنا کرنا پڑا ہے۔

اسی طرح جنوبی لبنان پر اسرائیلی حملے بھی روک دیے گئے ہیں۔ فائر بندی کے معاہدے کا متن سرکاری طور پر جاری نہیں کیا گیا تاہم بائیڈن نے وائٹ ہاؤس میں اپنے خطاب میں واضح کیا کہ "آئندہ ساٹھ روز تک لبنانی فوج اور حکومتی سیکورٹی فورسز تعینات کی جائیں گی اور یہ دونوں ایک بار پھر اپنی اراضی کا کنٹرول حاصل کریں گی"۔ انھوں نے مزید بتایا کہ اس معاہدے کے تحت جنوبی لبنان میں حزب اللہ کو دہشت گردی کا بنیادی ڈھانچہ دوبارہ بنانے کی اجازت نہیں دی جائے گی، اس کے مقابل اسرائیل آئندہ ساٹھ روز میں اپنی بقیہ فوج کو بتدریج واپس بلا لے گا۔

### ہندوستان و ایران نے معاہدے کا خیر مقدم کیا

نئی دہلی، 27 نومبر (یو این آئی) ہندوستان نے اسرائیل کے وزیر اعظم نیتن یاہو کے لبنان کے خلاف جنگ بندی کے اعلان کا خیر مقدم کیا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ بات چیت اور سفارت کاری کے ذریعے امن و استحکام قائم کیا جائے گا وزارت خارجہ نے آج یہاں جاری بیان میں کہا، "ہم اسرائیل اور لبنان کے درمیان جنگ بندی کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ ہم نے ہمیشہ کشیدگی کو کم کرنے، تحمل سے کام لینے اور مذاکرات اور سفارت کاری کے راستے پر واپس آنے پر زور دیا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ یہ پیش رفت وسیع تر خطے میں امن اور استحکام کا باعث بنے گی۔" واضح رہے کہ آج صبح مسٹر نیتن یاہو نے تل ابیب میں جنگ بندی کا اعلان کیا اور ساتھ ہی خبردار کیا کہ اگر لبنان یا حزب اللہ کی طرف سے جنگ بندی کی خلاف ورزی کی گئی تو جوابی کارروائی کی جائے گی۔

ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے بدھ کو اسرائیل اور لبنان کے درمیان جنگ بندی معاہدے کی تعریف کی۔ مسٹر بقائی نے مغربی ایشیا میں امن اور استحکام کو یقینی بنانے کے لیے اسے بین الاقوامی برادری کی کوشش قرار دیا ہے۔ اسرائیل کی سکیورٹی کابینہ نے منگل کی شام لبنان کے ساتھ جنگ بندی کے معاہدے کی مکمل اکثریت سے منظوری دے دی۔ اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو نے جنگ بندی کی ضرورت پر زور دیا اور کہا کہ اسرائیل کسی بھی ممکنہ دشمنی کا بھرپور جواب دے گا۔ ایرانی وزارت نے ٹیلی گرام پر کہا، "ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے لبنان کے خلاف اسرائیلی حکومت کی جارحیت کے خاتمے کی خبر کا خیر مقدم کیا اور لبنانی حکومت، قوم اور مزاحمتی (فورسز) کو اسلامی جمہوریہ ایران کی بھرپور حمایت پر زور دیا۔

# اجمیر شریف درگاہ کے مندر ہونے کا دعوی کرنے والی عرضی عدالت میں منظور



اجمیر ایجنسی: سنبھل شاہی جامع مسجد کی آگ ابھی ٹھنڈی بھی نہیں ہوئی کہ اب فرقہ وارانہ کشیدگی کو جنم دینے والا ایک اور محاذ کھولنے کی کوشش کی گئی ہے اور یہاں بھی وشنو جین کا کردار موجود ہے خبر کے مطابق اجمیر کی عدالت نے خواجہ غریب نواز حضرت معین الدین چشتی کی درگاہ کے شیو مندر ہونے کے دعوے کے معاملے میں بڑا حکم سنایا ہے۔ سول کورٹ (مغربی) کے جج منموہن چندیل نے یہ دعوی کرنے والی درخواست کو قبول کر لیا ہے۔ یعنی عدالت نے اس کیس کو قابل سماعت سمجھا ہے۔ اس معاملے میں درگاہ کا اے ایس آئی سروے کرانے کا مطالبہ کیا گیا ہے، تاکہ یہ پتہ لگانے کے لیے ثبوت اکٹھے کیے جاسکیں کہ آیا اجمیر درگاہ پہلے شیو مندر تھی یا نہیں۔ عدالت نے بدھ کو سماعت کے بعد نوٹس جاری کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ اجمیر درگاہ کے سروے سے متعلق یہ حکم کافی اہمیت کا حامل ہے۔ عدالتی حکم کے مطابق اجمیر درگاہ کمیٹی، محکمہ اقلیتی بہبود اور اے ایس آئی کو نوٹس جاری کیے جائیں گے۔ ہندو سینا کے قومی صدر وشنو گپتا نے وکلاء رام نواس بشنوئی اور ایشور سنگھ کے ذریعے عدالت میں مقدمہ دائر کیا تھا۔ درحقیقت اجمیر کی خواجہ غریب نواز درگاہ کو سنکٹ موچن شیو مندر کے طور پر دعوی کرنے کے معاملے پر آج اجمیر سول کورٹ ویسٹ میں بحث ہوئی۔ بحث کے دوران وکلاء رام سوروپ بشنوئی اور ایشور سنگھ کی طرف سے بھگوان شیو کے بچے کی شکل پر دلائل دیے گئے۔ بتایا گیا کہ درگاہ سے پہلے یہاں شیو مندر تھا جس کے کئی ثبوت دستاویزات کی شکل میں عدالت میں پیش کیے گئے ہیں۔ ویسے مہارانا پرتاپ سینا نے یہ مسئلہ سال 2022 میں بھی اٹھایا تھا جب ریاست کے وزیر اعلیٰ اشوک گہلوت تھے۔ اس وقت اشوک گہلوت کی جانب سے مطالبہ کیا گیا تھا کہ اجمیر درگاہ کی مکمل جانچ کی جائے،

### قنوج میں آگرہ لکھنؤ ایکسپریس وے پر دلخراش سڑک حادثہ

## سیفئی میڈیکل یونیورسٹی کے پانچ ڈاکٹروں کی موت

لکھنؤ: آگرہ۔لکھنؤ ایکسپریس وے پر بدھ کی صبح ایک دل دہلا دینے والا حادثہ پیش آیا۔ اس میں سیفئی میڈیکل یونیورسٹی کے 5 ڈاکٹروں کی موت ہو گئی۔ یہ سبھی لکھنؤ سے واپس آ رہے تھے۔ حادثہ صبح تقریباً 4 بجے پیش آیا۔ تمام مہلوکین کی شناخت کر لی گئی ہے۔ اطلاع ملتے ہی یونیورسٹی کا عملہ پولیس کے ساتھ وہاں پہنچ گیا۔ بتایا جاتا ہے کہ تمام ڈاکٹر ایک شادی کی تقریب میں شرکت کے لیے لکھنؤ گئے ہوئے تھے۔ منگل کی رات وہ کار سے سیفئی واپس آ رہے تھے۔ سبھی قنوج میں آگرہ۔لکھنؤ ایکسپریس وے پر حادثے کا شکار ہو گئے۔ پانچ ڈاکٹروں کی موقع پر ہی موت ہو گئی۔ مرنے والے ڈاکٹروں میں ڈاکٹر انیرودھ ورما، ڈاکٹر سنتوش کمار موریہ، ڈاکٹر جیویر سنگھ، ڈاکٹر ارون کمار، ڈاکٹر نردیو کی شناخت ہوئی ہے۔ یہ سب پی جی کر رہے تھے۔ کچھ کے زخمی ہونے کی بھی اطلاعات ہیں۔ یہاں حادثہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس بھی پہنچ گئی۔ یونیورسٹی کو بھی آگاہ کر دیا گیا۔ اس کے علاوہ جان کی بازی ہارنے والے ڈاکٹروں کے اہل خانہ کو بھی مطلع کر دیا گیا ہے۔

## دیوندر فڈنویس مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ ہوں گے



ممبئی 27/نومبر (یو این آئی) مہاراشٹر اسمبلی انتخابات میں مہایوتی کو غالب اکثریت ملنے کے باوجود ابھی تک سرکار نہیں بنائی جاسکی کیونکہ وزیر اعلیٰ کو لیکر تینوں پارٹیوں میں رسہ کشی چل رہی تھی لیکن آج وہ تنازع بھی حل ہو گیا کیونکہ ایکناتھ شندے اور اجیت پوار دونوں ہی وزیر اعلیٰ کی دوڑ سے باہر ہو گئے۔ بی جے پی کے اعلیٰ ذرائع نے بدھ کے روز تصدیق کی کہ پارٹی نے نہ صرف دیویندر فڑنویس کو اگلا وزیر اعلیٰ بنانے کا فیصلہ کیا ہے بلکہ یہ بھی فیصلہ کیا ہے کہ جب ان کے پاس اتنا بڑا امینڈیٹ ہے تو اہم قلمدان ہوم، مالیات، ہاؤسنگ بھی اپنے پاس رکھیں گے۔ مہاراشٹرا اسمبلی انتخابات میں حکمراں مہایوتی اتحاد نے شاندار کامیابی درج کی، 288 میں سے 235 سیٹیں جیتیں۔ بی جے پی نے 132 نشستیں حاصل کیں، اس کے بعد شیوسینا (57) اور نیشنلسٹ کانگریس پارٹی (41) ہیں۔ بی جے پی ذرائع کے مطابق اجیت پوار کی قیادت والی شندے سینا اور این سی پی کو نائب وزیر اعلیٰ کا عہدہ ملے گا۔ مبینہ طور پر شندے کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ یا تو نائب وزیر اعلیٰ کا عہدہ قبول کریں یا مرکزی کابینہ میں شامل ہوں۔ منگل کو، شندے نے 14 ویں اسمبلی کے اختتام کے موقع پر پچھلی حکومت کے چیف منسٹر کی حیثیت سے استعفیٰ دے دیا تھا اور گورنر سی پی رادھا کرشنن نے ان سے کہا تھا کہ وہ نئی حکومت کی حلف برداری تک نگراں انتظامیہ کے سربراہ کے طور پر چارج سنبھالیں۔

## پرینکا گاندھی جمعرات کو رکن پارلیمنٹ کا حلف لیں گی



نئی دہلی، 27 نومبر (یو این آئی) کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی واڈرا جنہوں نے کیرالہ کی وائناڈ پارلیمانی سیٹ سے ضمنی انتخاب میں بھاری فرق سے کامیابی حاصل کی ہے، جمعرات کو لوک سبھا کے رکن کے طور پر حلف لیں گی۔ مسز واڈرا کے ساتھ مہاراشٹر کی ناندیڑ لوک سبھا سیٹ سے ضمنی انتخاب جیتنے والے رویندر چوہان بھی لوک سبھا کی رکنیت کا حلف لیں گے۔ اس سے پہلے بدھ کو وائناڈ کے لیڈروں نے وائناڈ پارلیمانی ضمنی انتخاب کا انتخابی سرٹیفکیٹ مسز واڈرا کو سونپا۔ اس دوران لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی بھی موجود تھے۔ محترمہ واڈرا نے وائناڈ کے لوگوں کی زبردست حمایت اور ان پر بھروسہ کرنے کے لیے ان کا شکریہ ادا کیا۔

# سنبھل میں تشدد پر اپوزیشن کا ہنگامہ، لوک سبھا کی کارروائی ملتوی

نئی دہلی: اتر پردیش کے سنبھل میں ہونے والے تشدد کے خلاف اپوزیشن کے شدید احتجاج اور ہنگامے کے باعث لوک سبھا کی کارروائی جمعرات کی صبح 11 بجے تک کے لیے ملتوی کر دی گئی۔ آج دوپہر 12 بجے جیسے ہی لوک سبھا کی کارروائی دوبارہ شروع ہوئی، سماج وادی پارٹی (ایس پی) اور دیگر اپوزیشن جماعتوں کے ارکان نے ایوان کے بیچ میں آکر سنبھل تشدد کے خلاف نعرے بازی شروع کر دی۔ ایس پی ارکان 'سنبھل کے قاتلوں کو پھانسی دو' جیسے نعرے لگاتے رہے، جب کہ کانگریس، نیشنلسٹ کانگریس پارٹی (شرد پوار) اور ترنمول کانگریس کے ارکان نے بھی اپنی جگہوں پر کھڑے ہو کر ان کا ساتھ دیا۔ ایوان میں ہنگامے کے دوران، پریذائیڈنگ آفیسر دلیپ سیکیا نے ضروری دستاویزات پیش کیں اور اپوزیشن سے اپیل کی کہ وہ اپنے مقامات پر واپس جائیں تاکہ ایوان کی کارروائی خوش اسلوبی سے جاری رکھی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ارکان کو اظہار خیال کا موقع دیا جائے گا اور ایوان کا وقت قیمتی ہے، جسے ضائع نہیں کیا جانا چاہیے۔ تاہم، اپوزیشن ارکان نے ان کی اپیل کو نظر انداز کرتے ہوئے احتجاج جاری رکھا۔ مسلسل ہنگامے اور شور شرابے کے پیش نظر، مسٹر دلیپ سیکیا نے لوک سبھا کی کارروائی ملتوی کرنے کا اعلان کر دیا۔ اب ایوان کی کارروائی جمعرات کی صبح 11 بجے دوبارہ شروع ہوگی۔ اپوزیشن ارکان کا کہنا ہے کہ سنبھل میں ہونے والے تشدد کے ذمہ داروں کو سخت سزا دی جانی چاہیے۔ اس احتجاج کے دوران ایوان کا ماحول انتہائی گرما گرم رہا، اور تمام سیاسی جماعتوں کے ارکان نے اپنی اپنی جماعتوں کے موقف کو مضبوطی سے پیش کرنے کی کوشش کی۔ راجیہ سبھا میں بھی بدھ کے روز ایوان کی کارروائی شروع ہونے کے بعد منی پور اور سنبھل میں ہونے والے تشدد کے معاملات پر اپوزیشن نے بحث کا مطالبہ کیا۔ اپوزیشن اراکین نے قواعد 267 کے تحت دیگر تمام کارروائی معطل کر کے ان معاملات پر بحث کا اصرار کیا، مگر چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے اس درخواست کو مسترد کر دیا۔ اس فیصلے کے خلاف اپوزیشن اراکین نے ایوان میں شدید ہنگامہ کیا، جس کی وجہ سے کارروائی پہلے 11:30 بجے تک ملتوی کی گئی اور پھر شام میں دوبارہ کارروائی شروع ہونے پر بھی احتجاج جاری رہا۔

### 'سناتن دھرم رکشا بورڈ' کی تشکیل کا مطالبہ کرنے والی عرضی پر سماعت سے دہلی ہائی کورٹ نے کیا انکار

نئی دہلی۔ دہلی ہائی کورٹ نے 'سناتن دھرم رکشا بورڈ' کی تشکیل سے متعلق ہدایت دینے کا مطالبہ کرنے والی عرضی پر سماعت کرنے سے آج انکار کر دیا۔ عدالت نے واضح لفظوں میں کہا کہ اس کے پاس پالیسی پر مبنی فیصلے لینے کا اختیار نہیں ہے۔ عرضی دہندہ کے وکیل نے کہا کہ سناتن مذہب کے حقوق اور رسوم و رواج کی حفاظت کے لیے کوئی بورڈ نہیں ہے، لیکن دہلی ہائی کورٹ نے صاف کر دیا کہ وہ اس تعلق سے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا۔ دراصل 'سناتن ہندو سیوا سنگھ ٹرسٹ' نے دہلی ہائی کورٹ میں ایک عرضی داخل کی تھی۔ اس عرضی میں سناتن مذہب اور ثقافت کی حفاظت کے لیے 'سناتن دھرم رکشا بورڈ' کی تشکیل سے متعلق ہدایت دینے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ جسٹس تشار راؤ گیڈیلا کی بنچ نے اس معاملے میں عرضی گزار سے کہا کہ انہیں اس معاملے میں حکومت کے پاس جانا ہوگا۔

### جوائنٹ ڈیولپمنٹ کمشنر کانپور نگر کے خلاف تادیبی کارروائی کی ہدایات، ہائی کورٹ کا حکم

الہ آباد: الہ آباد ہائی کورٹ نے ریاستی حکومت کو جوائنٹ ڈیولپمنٹ کمشنر کانپور نگر این پی سیتا کے خلاف محکمانہ تادیبی کارروائی کرنے اور رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی ہے۔ سیتا پر الزام ہے کہ انہوں نے عدالت کے حکم کو نہ ماننے اور حقائق کے برعکس حکم دینے اور چیف اسٹینڈنگ ایڈوکیٹ پر الزام لگا کر عدالت کی ہمدردی حاصل کرنے کی کوشش کی۔ عدالت نے کہا کہ این پی سیتا نے درخواست گزار کے حق میں تین تحقیقاتی رپورٹس کے باوجود نہ صرف دوبارہ تفتیش کی بلکہ ہائی کورٹ کے حکم امتناعی کے برخلاف اپیلٹ افسر کے طور پر کام کیا۔ وہ خود کو قانون سے بالاتر سمجھتا تھا۔ یہ حکم جسٹس شیکھر بی شراف اور جسٹس منجیو شیلیندر کی ڈویژن بنچ نے اجیتا تیواری عرف نیہا تیواری کی عرضی پر سماعت کرتے ہوئے دیا ہے۔



# امریکہ نے یوکرین کو روس پر حملہ کرنے کی اجازت دی

واشنگٹن، 26 نومبر (یواین آئی) امریکی انتظامیہ نے پہلی باران اطلاعات کی تصدیق کی ہے کہ یوکرین نے روسی سرزمین پرطویل فاصلے تک مار کرنے والے میزائلوں کے استعمال کی منظوری دے دی ہے۔وائٹ ہاؤس کے قومی سلامتی مواصلات کے مشیرجان کربی نے ٹیلی کانفرنس کے ذریعے ایک پریس بریفنگ میں یوکرین روس جنگ کے بارے میں ایجنڈے کا جائزہ لیا، جوفروری 2022 سے جاری ہے۔جان کربی نے گزشتہ ہفتے پہلی بار ان خبروں کی تصدیق کی تھی کہ امریکہ نے یوکرین کی فوج کی جانب سے روسی سرزمین پرطویل فاصلے تک مار کرنے والے میزائلوں کے استعمال کی منظوری دے دی ہے۔اس بات پرزوردیتے ہوئے کہ انہوں نے اس معاملے پر اپنی پالیسیوں کوتبدیل کیا ہے، کربی نے کہا،"فی الحال، یوکرین کی فوج فوری ضرورت کی صورت میں اپنے دفاع کے لئےطویل فاصلے تک مار کرنے والے زمینی ٹیکٹیکل میزائل سسٹم (اے ٹی اے سی ایم ایس) کا استعمال کرسکتی ہے اور یہ کرسک خطے میں واضح طور پر ہورہا ہے۔کربی نے کہا کہ وہ ان میزائلوں کے استعمال کی تفصیلات پرزیادہ تبصرہ نہیں کریں گے، انہوں نے کہا کہ یوکرین کے لوگ خود اس بارے میں بات کرتے ہیں کہ وہ اے ٹی اے سی ایم ایس کوکس طرح استعمال کرتے ہیں، وہ اہداف کی شناخت کیسے کرتے ہیں۔گزشتہ ہفتے امریکی میڈیا سے بات کرتے ہوئے نامعلوم امریکی عہدیداروں نے اطلاع دی تھی کہ یوکرین کومحدودبنیادوں پرروسی سرزمین پرطویل فاصلے تک مار کرنے والے امریکی ہتھیار استعمال کرنے کی اجازت دے دی گئی ہے تاہم اس کی کوئی سرکاری تصدیق نہیں کی گئی۔یہ اقدام جس کایوکرین طویل عرصے سے مطالبہ کررہاہے لیکن امریکی انتظامیہ کی جانب سے اب تک اسے گرین سگنل نہیں دیا گیا ہے، جو بائیڈن انتظامیہ کا ایک اہم فیصلہ سمجھا جارہا ہے، جو رواں ماہ کے آغاز میں صدارتی انتخابات ہارگئی تھی، اس سے قبل کہ انتخابات جیتنے والے ڈونلڈ ٹرمپ وائٹ ہاؤس پہنچ گئے تھے۔امریکہ کے منتخب صدر ٹرمپ نے عہدہ سنبھالتے ہی روس یوکرین جنگ کے خاتمے کے لیے اقدامات کرنے کا اعلان کیا اور کہا کہ وہ نہیں چاہتے کہ یہ جنگ مزید طول پکڑے۔

## روس نے برطانوی سفارتکار کو جاسوسی کے الزام میں ملک بدر کردیا



روس نے برطانوی سفارت کارکوخفیہ اورتخریبی کاموں میں ملوث ہونے کاالزام عائد کرکے دوہفتوں کے اندر ملک چھوڑنے کا حکم دیدیا۔عالمی خبررساں ادارے کے مطابق ایف ایس بی سیکیورٹی سروس نے بتایا کہ مذکورہ سفارت کارنے ملک میں داخل ہوتے وقت جان بوجھ کرغلط اورگمراہ کن معلومات فراہم کی تھیں۔روسی سیکیورٹی سروس نے مزید بتایا کہ برطانوی سفارت کاردراصل انٹیلی جنس اہلکار تھے جس کے شواہد ملے ہیں۔روسی سیکیورٹی فورس نے کہا کہ برطانوی سفارت کارایڈورڈولکس سیکنڈ سیکرٹری تھے، جونسبتاً جونیئر سفارتی عہدے پر تھے۔بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ برطانوی سفارت کارروس کی قومی سلامتی کے لیے خطرہ تھے۔دوسری جانب برطانوی وزارت خارجہ نے اس الزام کومسترد کرتے ہوئے کہا کہ یہ پہلی بارنہیں کہ روس نے ہمارے عملے کے خلاف بدنیتی پر مبنی اور بے بنیاد الزامات لگائے ہیں۔ہم اس کا مناسب وقت پر جواب دیں گے۔واضح رہے کہ روس نے رواں برس 5 سے زائد برطانوی سفارت کارمختلف الزامات لگا کرملک بدر کیا ہے۔روس اور برطانیہ کے درمیان تعلقات مبینہ جاسوسی اسکینڈلز کی وجہ سے بار بار کشیدہ رہے ہیں، جن میں 2006 میں سابق روسی ایجنٹ اور کریملن کے نقاد الیگزینڈر لیٹوینینکو کا لندن میں زہر کے حملے میں قتل بھی شامل ہے۔اسی طرح 2018 میں بھی برطانیہ اوراس کے اتحادیوں نے روسی سفارت خانے کے درجنوں اہلکاروں کوملک بدر کردیا تھا جن پرسابق ڈبل ایجنٹ، سرگئی اسکرپال کوزہر دینے کی کوشش پر جاسوس ہونے کاالزام تھا۔اس حملے میں سابق ڈبل ایجنٹ اسکرپال نوویچوک توبچ گئے لیکن ایک برطانوی شہری آلودہ پرفیوم کی بوتل کوچھونے سے ہلاک ہوگیا تھا۔

## روس میں قرآن نذرآتش کرنے کے مجرم کومزید 13 سال قید



روس میں گزشتہ برس 20 سالہ نوجوان کومسجد کے سامنے قرآن جلانے کے جرم میں 3 سال اور 6 ماہ قید کی سزا سنائی گئی تھی جس کی سزامیں اب مزید 13 سال کا اضافہ کردیا گیا۔عالمی خبررساں ادارے کے مطابق روس نے قرآن نذرآتش کرنے پر نوجوان نکیتا زواویل کوچیچنیا کے حوالے کیا تھا جہاں اسے ساڑھے تین سال قید کی سزاسنائی گئی تھی۔حراست کے دوران ملزم کو چیچنیا کے صدر رمضان قادیروف کے نوعمر بیٹے نے اسے مارا پیٹا بھی تھا۔تاہم اب روس نے پچھلے ماہ نوجوان کوواپس روس بلاکر یوکرین کے لیے جاسوسی کرنے کے الزام میں غداری کا مقدمہ چلایا گیا۔استغاثہ نے عدالت کو بتایا کہ ملزم نکیتا زواویل نے گزشتہ برس یوکرین کی سیکیورٹی فورسز کوروسی فوجی کا سازوسامان لے جانے والی مال گاڑیوں کی ویڈیو بھیجی تھی۔اس پر عدالت نے نوجوان نکیتا کوساڑھے 13 سال قید کی سزاسنادی۔جج نے قرآن جلانے کی ساڑھے 3 سال اوراس سزاکوملاکر 14 سال قید کاٹنے کاحکم دیا۔یادرہے کہ سزاپانے والانوجوان ایک سیاسی کارکن ہے اوراس کاتعلق روس سے ملحقہ علاقے کرائمیا سے ہے۔انسانی حقوق کی تنظیموں کا کہنا ہے کہ روس میں سیاسی مخالفین کونشانہ بنایا جارہا ہے اوراس نوجوان پربھی مقدمات سیاسی نوعیت کے ہیں۔

## حزب اللہ کا حسن نصراللہ کی شہادت کے 2 ماہ بعد نماز جنازہ کی تیاری کا اعلان



ایران کی حمایت یافتہ لبنانی تنظیم حزب اللہ نے اپنے سربراہ حسن نصراللہ کی شہادت کے ٹھیک 2 ماہ بعد عوامی سطح پر نماز جنازہ کی ادائیگی کا اعلان کردیا جب کہ اسرائیل کے ساتھ جنگ بندی کا اعلان ہوگیا ہے۔سعودی نشریاتی ادارے العربیہ کی رپورٹ کے مطابق یہ اعلان حزب اللہ کی سیاسی کونسل کے نائب رہنما محمود قومی نے کیا۔رپورٹ کے مطابق حزب اللہ کی جانب سے یہ اعلان سابق سربراہ حسن نصراللہ کی شہادت کے ٹھیک 2 ماہ بعد کیا گیا ہے۔حسن نصراللہ کواسرائیلی فوج نے بمباری کرکے 27 ستمبر کوان کے ہیڈکواٹر میں شہید کردیا تھا، ان کی عوامی سطح پر نماز جنازہ مسلسل اسرائیلی بمباری کی وجہ سے التوا میں چلی آرہی تھی۔تاہم اب حزب اللہ نے اعلان کیا ہے کہ اس نے اپنے شہید سربراہ حسن نصراللہ کے عوامی سطح پر جنازے کی ادائیگی کے لیے تیاری شروع کردی ہے۔یہ اعلان حزب اللہ کی سیاسی کونسل کے نائب رہنما محمود قومی نے ایک پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ان کا کہنا تھا کہ شہید حسن نصراللہ کی نماز جنازہ حزب اللہ کی طرف سے پورے احترام اوراہتمام کے ساتھ آفیشلی پڑھی جائے گی جس میں لبنانی عوام شرکت کرسکیں گے۔

## مسلح افواج کا سب سے اہم فرض، جنگی توانائی میں اضافہ: رہبر انقلاب



تہران:(ایجنسی)۔مسلح افواج کے سپریم کمانڈر نے کہا ہے کہ مسلح افواج خاص طور پر بحریہ کو چاہیے کہ وہ اپنی تمام سرگرمیوں اورمنصوبہ بندی میں، جنگ کی صلاحیت میں اضافے پر توجہ مرکوز رکھے۔سحرنیوز/ایران: مسلح افواج کے سپریم کمانڈر اور رہبر انقلاب اسلامی آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای نے یوم بحریہ کے موقع پر بحریہ کے کچھ کمانڈروں اور اہل کاروں سے ملاقات میں، عصر حاضر میں بحریہ کو بے حد اہم اورفیصلہ کن فوج قرار دیا اورمختلف شعبوں میں بحریہ کی سرگرمیوں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ مسلح افواج خاص طور پر بحریہ کو چاہیے کہ وہ اپنی تمام سرگرمیوں اور منصوبہ بندی میں، جنگ کی صلاحیت میں اضافے پر توجہ مرکوز رکھے۔آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای نے جنگی طاقت میں اضافے کو، دشمن کے حملے کے سدباب کی وجہ قرار دیا اور کہا کہ مسلح افواج کا سب سے اہم کام، حملے کوپیشگی روکنا ہے اس بنا پرایران کے دشمنوں کی نظروں میں ملک کی جنگی طاقت اورتوانائی کواس طرح سے ثابت کریں کہ حقیقت میں انہیں یہ محسوس ہو کہ کسی بھی طرح کے تصادم کے نتیجے میں انہیں بھاری قیمت ادا کرنی ہوگی۔رہبر انقلاب اسلامی نے بحری مشن کے جاری رہنے کی ضرورت پرزوردیا اور کہا کہ جیسا کہ پہلے بھی کہا گیا ہے کہ بیڑہ نمبر 86 کے سمندر میں کئی مہینوں کے سفر کے مشن کی تفصیلات کوفن کی زبان اور وسیلے سے رائے عامہ تک پہنچایا جاسکتا ہے۔اس ملاقات کے آغاز میں بحریہ کے سربراہ ایڈمرل شہرام ایرانی نے مختلف شعبوں میں بحریہ کی سرگرمیوں پر ایک رپورٹ پیش کی۔ایران کے خلاف عراق کی طرف سے مسلط کردہ جنگ کے دوران 28 نومبر سن 1980 میں صدام کی بعث فوج کے خلاف پیکان نامی کشتی کے یادگار کارنامہ کے بعد اس دن" یوم بحریہ" منایا جاتا ہے۔

# ٹرمپ انتظامیہ کے اہلکاروں اور ایمنسٹی کا عمران خان کی رہائی کا مطالبہ



واشنگٹن:(ایجنسی)۔امریکی قانون سازوں، بائیڈن اور ٹرمپ انتظامیہ کے اہلکاروں اور ایمنسٹی انٹرنیشنل نے سابق وزیراعظم اور بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان کی رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے حکومت پاکستان پرزوردیا ہے کہ پی ٹی آئی کے مظاہرین کے خلاف طاقت کا استعمال نہ کیا جائے۔ڈان اخبار میں شائع رپورٹ کے مطابق ٹرمپ کی سابق انتظامیہ میں بطور ڈائریکٹر نیشنل انٹیلی جنس خدمات انجام دینے والے رچرڈ گرینیل نے بھی اس حوالے سے اپنے آفیشل ٹوئٹر اکاؤنٹ (ایکس) پرخصوصی بیان جاری کیا، وہ ڈونلڈ ٹرمپ کی ٹیم میں اس وقت بھی اہم ترین شخصیت سمجھے جاتے ہیں اور انہیں یوکرین کے مسئلے پرروس کے ساتھ بات چیت کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔رچرڈ گرینیل نے اسلام آباد کی تشویش ناک صورت حال کے حوالے سے 'بلوم برگ' کی رپورٹ شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ 'عمران خان کو رہا کیا جائے۔ڈونلڈ ٹرمپ کی پہلی انتظامیہ کے اہم عہدیدار زلمے خلیل زاد نے 'شرپسندوں کو دیکھتے ہی گولی مارنے کے حکم' کی رپورٹ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ٹوئٹر (ایکس) پرلکھا کہ اس طرح کا حکم دینا 'تباہ کن غلطی ہے، قانون کے نفاذ کا یہ درست طریقہ نہیں، پاکستان اوراس کے مستقبل کی خاطر پاکستان کے دوستوں کوشامل کرکے فوری طور پرمفاہمتی عمل کا آغاز کیا جائے۔امریکی میڈیا میں گزشتہ دوروز کے دوران پاکستان کے حالات کی نمایاں کوریج کے بعد امریکی کانگریس کے ارکان نے بھی پاکستان میں جاری سیاسی بحران اور انسانی حقوق کی صورتحال پر تنقید کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ عمران خان سمیت تمام سیاسی قیدیوں کورہا کیا جائے۔انہوں نے احتجاج اوراختلاف رائے کوبزورقوت دبانے کی بھی مذمت کی۔کانگریس وومن راشدہ طلیب نے پاکستان میں پی ٹی آئی مظاہرین پر جبر کی صورت حال اور بڑھتے ہوئے سیاسی تشدد کو بیان کیا اور کہا کہ اس طرح کی کوششیں جمہوریت اور انسانی حقوق کودبانے کے لیے ہیں، انہوں نے کہا کہ 'میں پاکستان کے بہادر عوام کے ساتھ کھڑی ہوں، جو جاگ رہے ہیں اور تبدیلی کے لیے احتجاج کر رہے ہیں'۔انسانی حقوق کاکس کی شریک چیئر پرسن، کانگریس وومن باربرالی نے آزادی کے بنیادی حقوق پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اظہار رائے کی آزادی اور پرامن احتجاج جمہوریت کے لیے لازم وملزوم ہیں۔انہوں نے پاکستان میں انصاف اور انسانی حقوق کے لیے جدوجہد کرنے والے جمہوریت کے حامیوں کی حمایت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ 'اظہار رائے اور پرامن احتجاج کی آزادی جمہوریت کے لیے ضروری ہے جو امریکا، پاکستان اور دنیا بھر میں ہونا چاہیے۔'رکن کانگریس روکھنا نے بھی حالیہ پیش رفت پر کہا کہ پاکستان میں انٹرنیٹ کی بندش، سڑکیں بلاک کرنے اورسیاسی کارکنوں کوحراست میں لینے کی اطلاعات پرگہری تشویش ہے، اظہار رائے کی آزادی اورانٹرنیٹ سروسز کی بلاتعطل فراہمی کسی بھی ریاست کے لیے انتہائی ضروری ہے۔خاتون رکن سمرلی نے کہا کہ 'پاکستان میں انتخابی نظام میں بہتری اور عدالتوں کو بے خوف بنانے کی جدوجہد میں وہاں کے لوگوں کی بہادری متاثر کن ہے، بنیادی انسانی حقوق پرکسی بھی طرح کا جبر قابل مذمت ہے۔'کانگریس کے رکن بریڈ شرمین نے پاکستان میں انسانی حقوق کی بدترین صورت حال، جبری طور پر سیاسی وابستگیاں تبدیل کرانے اورشہریوں کوغائب کرنے کے علاوہ قوانین کے غلط استعمال پر روشنی ڈالی۔

# پی ٹی آئی کا احتجاج ختم، ٹریفک بحال ہونا شروع



اسلام آباد:(ایجنسی)۔پی ٹی آئی نے سینکڑوں مظاہرین کی گرفتاری کے بعد اپنا احتجاج معطل کردیا ہے۔اسلام آباد ٹریفک پولیس نے کہا کہ احتجاج کے باعث بند کیے گئے راستوں کوکھولنے کا عمل شروع کردیا گیا ہے اور جلد ہی مکمل ٹریفک بحال کردی جائے گی۔پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے اپنے رہنما اور سابق وزیر اعظم عمران خان کی جیل سے رہائی کا مطالبہ دہراتے ہوئے منگل کی رات اسلام آباد میں اپنا احتجاجی مظاہرہ ختم کردیا۔اس سے قبل سکیورٹی فورسز نے بڑے پیمانے پر کارروائی کرتے ہوئے سینکڑوں مظاہرین کوگرفتار کرلیا تھا۔ایک محتاط اندازے کے مطابق عمران خان کے چار ہزار سے زائد حامیوں کوگرفتار کیا گیا ہے۔اسلام آباد پولیس کے مطابق بدھ کو 26 نمبر چونگی سے ٹریفک بحال کردی گئی ہے اور روات ٹی کراس سے بھی رکاوٹیں ہٹائی جارہی ہیں اور یہ عمل آج بدھ کو ہی مکمل ہوجائے گا۔خبررساں ایجنسی روئٹرز کے مطابق احتجاج کے دوران کم ازکم چھ افراد ہلاک ہوئے، جن میں چار سکیورٹی اہلکار اور دو مظاہرین شامل ہیں۔پی ٹی آئی کا کہنا ہے کہ اس نے اپنا احتجاج عارضی طور پرمعطل کیا ہے۔بدھ کی صبح، پارٹی کی جانب سے اپنے آفیشل ایکس اکاؤنٹ پرشیئر کی گئی ایک پریس ریلیز میں لکھا گیا،"حکومت کی بربریت اور دارالحکومت کوغیر مسلح شہریوں کے لیے قتل گاہ میں تبدیل کرنے کے حکومتی منصوبے کے پیش نظر، (ہم) فی الوقت اپنے پرامن احتجاج کی معطلی کا اعلان کرتے ہیں۔" بیان میں الزام لگایا گیا ہے کہ پرامن مظاہرین پر اسلام آباد کی سڑکوں پر گولیوں کی بارش کی گئی اور سینکڑوں نہتے پاکستانیوں کو زخمی کرکے خون میں نہلایا گیا۔اس میں مزید کہا گیا کہ پارٹی کی سیاسی اور کورکمیٹیوں کی جانب سے پارٹی کے بانی کے سامنے ریاستی بربریت کے تجزیے" پیش کرنے کے بعد ان کی ہدایات کی روشنی میں "مستقبل کے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا۔پارٹی نے چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی سے اپیل کی کہ وہ پارٹی کارکنوں کے بہیمانہ قتل" کرنے کا ازخود نوٹس لیں اور وزیراعظم اور وزیر داخلہ کے ساتھ ساتھ اسلام آباد اور پنجاب پولیس کے سربراہان کے خلاف "اقدام قتل" کے تحت قانونی کارروائی کا حکم دیں۔پی ٹی آئی نے کہا کہ عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی اور خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور آج بدھ کو "ہنگامی" پریس کانفرنس سے خطاب کریں گے۔بعض رپورٹوں کے مطابق دونوں خیبر پختونخوا پہنچ گئے ہیں۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پی ٹی آئی کے مظاہرین منتشر ہوگئے اور بعد میں خیبر پختونخواہ کی طرف چلے گئے۔نقوی کے بقول قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں نے علاقے کو خالی کرا کے احتجاج ختم کرا دیا ہے۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ گنڈا پور اور بشریٰ بی بی فرار ہوگئے تھے۔حکومت کا کہنا ہے کہ عمران خان کی رہائی کا حکم صرف عدالتیں دے سکتی ہیں۔

## آئی سی سی پراسیکیوٹر نے میانمار جنتا چیف کے وارنٹ گرفتاری کی استدعا کی



میانمار :(ایجنسی)۔عالمی فوجداری عدالت (آئی سی سی) کے چیف پراسیکیوٹر نے روہنگیا مسلمانوں کے خلاف مبینہ انسانیت سوز جرائم کے ضمن میں میانمار کی فوجی جنتا کے سربراہ من آنگ ہلینگ کے وارنٹ گرفتاری جاری کرنے کی درخواست کردی۔خبررساں ادارے 'اے ایف پی' کے مطابق میانمار کی اعلیٰ سطح حکومتی شخصیت کے خلاف روہنگیا میں مظالم کے سلسلے میں عالمی فوجداری عدالت میں دائر کی جانے والی یہ وارنٹ گرفتاری کی پہلی درخواست ہے۔کریم خان نے ایک بیان میں کہا کہ 'ایک جامع، آزاد اورغیر جانبدار تحقیقات کے بعد ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ میانمار کے قائم مقام صدر اور سینیئر جنرل من آنگ ہلینگ کے خلاف انسانی جرائم کا ارتکاب کرنے کے ٹھوس شواہد موجود ہیں۔'ان کا کہنا تھا کہ ان جرائم میں مبینہ طور پر 25 اگست اور 31 دسمبر 2017 کے درمیان جلاوطنی اورنسل کشی شامل ہے۔خیال رہے کہ آئی سی سی پراسیکیوٹر نے 2017 اور 2019 میں میانمار، شورش زدہ ریاست رخائن میں روہنگیا مسلمانوں کے خلاف جرائم کی تحقیقات کا آغاز کیا تھا۔ان جرائم کی وجہ سے یہاں پرمقیم 7 لاکھ 50 ہزار اقلیتی آبادی پر مشتمل مسلمان پڑوسی ملک بنگلہ دیش ہجرت کرنے پرمجبور ہوگئے تھے۔کریم خان کا کہنا تھا کہ مبینہ جرائم کا ارتکاب میانمار کی آرمی، بدنام زمانہ فوج "تتمادو" نے کیے جسے ملکی، سرحدی پولیس اورغیر روہنگیا شہریوں کی حمایت حاصل تھی۔کریم خان نے مزید درخواستوں کے حوالے سے خبردار کرتے ہوئے کہا کہ 'یہ میانمار کی کسی بھی اعلیٰ سطح کی حکومتی شخصیت کے خلاف وارنٹ گرفتاری کی پہلی درخواست ہے۔'فروری 2021 میں فوج کی جانب سے آنگ سان سوچی کومعزول کرنے کے بعد میانمار، فوج اور مختلف مسلح گروپوں کے درمیان حکمرانی کولے کرتنازعات کاشکار ہے۔جنتا گزشتہ سال سے باغیوں کی جانب سے بغاوت کی بڑی کارروائیوں کا سامنا کررہی ہے جس میں چین سے ملحقہ اس کی سرحد کے بڑے حصے پر قبضہ بھی شامل ہے۔آئی سی سی کی جانب سے اگر وارنٹ گرفتاری جاری کیے جاتے ہیں تو اس کے 124 ممبران اصولی طور پر جنتا کے چیف کواپنے ملک کا دورہ کرنے کی صورت میں حراست میں لینے کے پابند ہوں گے۔دریں اثناء، میانمار کی جنتا کو اسلحہ فراہم کرنے والا اہم اتحادی چین عالمی عدالت انصاف کا ممبر نہیں ہے۔واضح رہے کہ کریم خان کی درخواست آئی سی سی کی جانب سے اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو، ان کے سابق وزیر دفاع یوو گیلنٹ اور حماس کے سربراہ کے وارنٹ گرفتاری جاری ہونے کے کچھ روز بعد دائر کی گئی ہے۔انسانی حقوق کی تنظیموں نے کریم خان کے اقدام کوسراہتے ہوئے اسے ظلم اور بربریت کے خاتمے کی جانب اہم قدم قرار دیا۔

## پاراچنار میں ہونے والی جھڑپوں میں مرنے والوں کی تعداد 99 ہوگئی

خیبر پختونخوا:(ایجنسی)۔پاکستان کے شہر پاراچنار میں قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بتایا ہے کہ جمعرات کو ہونے والے حملے کے بعد اس علاقے میں قبائل کے درمیان مسلح تصادم میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 99 ہوگئی ہے۔پاراچنار میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے عہدہ داروں کا کہنا ہے کہ جمعرات کو کچھ گاڑیوں پر ہونے والے حملے کے بعد دو قبائل کے درمیان مسلح تصادم میں مارے جانے والوں کی تعداد 99 ہوگئی ہے، اور کم ازکم 130 افراد زخمی ہوگئے ہیں۔یہ ایسے حالات میں ہے کہ جب صوبہ خیبر پختونخوا حکومت کے ایک وفد نے پاراچنار کا دورہ کرکے قبائلی عمائدین کی مدد سے فریقین کے درمیان امن قائم کرنے کی کوشش کی لیکن دونوں کے درمیان تنازعات کی آگ پھر بھڑک اٹھی۔ ہے۔گزشتہ 5 دنوں کے دوران اس تنازعہ میں دونوں طرف سے کم ازکم 99 افراد مارے گئے۔پاراچنار سے پشاور جانے والی متعدد کاروں کے مسافروں پر دہشت گردوں کے حملے میں 55 سے زائد افراد جاں بحق اور درجنوں زخمی ہوگئے تھے۔اس خونی واقعے کے بعد پرانی دشمنی کی بنا پردو قبیلوں کے درمیان خونریز جھڑپیں شروع ہوگئیں جو کئی روز سے جاری ہیں۔

## نیپال حج کمیٹی سے ڈاکٹر القوفی اور مولانا مشہود خاں کے اہم مطالبات

کٹھمنڈو: نیپال حج کمیٹی کے زیراہتمام کپل وستو کے کرشانگر میں منگل کے روز ایک حج آگاہی پروگرام منعقد ہوا۔اس پروگرام میں عازمین حج کوسفرحج کے دوران اہم امور پرتوجہ دینے اورمسائل کے حل کے طریقوں کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔کمیٹی کے رکن مرزا راشد بیگ کے مطابق، کئی عازمین کومعلومات کی کمی کی وجہ سے مختلف مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس لیے ایسے آگاہی پروگرام منعقد کیے جارہے ہیں۔پروگرام میں کرشانگر میونسپلٹی کے میئر رجت پرتاب شاہ، چیف ڈسٹرکٹ آفیسر بشو پرکاش اریال، مولانا مشہود خان ناظم عمومی راشٹریہ مدرسہ سنگھ نیپال، ڈاکٹر عبدالغنی القوفی استاد جامعہ سراج العلوم السلفیہ جھنڈانگر نیپال وصدر عمومی راشٹریہ مدرسہ سنگھ نیپال، مولانا عبدالقیوم مدنی، نوجوان رہنما رئیس شاہ اور اکرم پٹھان اورسمیت کئی علماء نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔اس موقع پر مولانا مشہود خان نیپالی ناظم عمومی راشٹریہ مدرسہ سنگھ نیپال اور ڈاکٹر عبدالغنی القوفی استاد جامعہ سراج العلوم جھنڈانگر نیپال وصدر راشٹریہ مدرسہ سنگھ نیپال نے حج کمیٹی کے سامنے حجاج کرام کی فلاح وبہبود کے لئے حج کوسستا بنایا جانے، بھیرہوا انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے حج فلائٹ کا آغاز کرنے، حج مینجمنٹ اور کاٹھمانڈو میں سہولیات فراہم کرنے اور مشاعر مقدسہ میں رہنمائی کا انتظامات جیسے اہم مطالبات کئے۔اس سال سعودی حکومت نے نیپال کے لیے 1200 حج کوٹہ فراہم کیا ہے۔نیپال حج کمیٹی کے مطابق اس سال حج کا دورانیہ 32 دن کا ہوگا۔

## چینی وزیر دفاع کے خلاف بدعنوانی کی تحقیقات شروع



بیجنگ نے گزشتہ سال کے دوران اپنی مسلح افواج میں بدعنوانی کے خلاف کریک ڈاؤن کو مزید ساخت کیا ہے۔وزیر دفاع کے خلاف بدعنوانی کی تحقیقات شروع ہونا اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔برطانوی اخبار فنانشل ٹائمز نے بدھ کو اپنی ایک رپورٹ میں لکھا ہے کہ چین کے وزیر دفاع ڈونگ جون کو بدعنوانی کے الزام میں تحقیقات کے دائرے میں لیا گیا ہے۔اگر اس خبر کی تصدیق ہو جاتی ہے تو ڈونگ اس وزارت پر براجمان یا اس منصب پر فائز رہنے والے مسلسل ایسے تیسرے چینی وزیر دفاع ہوں گے، جن کے خلاف مبینہ بدعنوانی کی تحقیقات کی جائیں گی۔چینی وزیر دفاع کومبینہ طور پر بدعنوانی کی تحقیقات کا سامنا فنانشل ٹائمز کے مطابق یہ تفتیش فوج میں بدعنوانی کی وسیع تر تحقیقات کا حصہ ہے۔پچھلے ہفتے، ڈونگ نے تائیوان پر امریکی اقدامات کا حوالہ دیتے ہوئے، لاؤس میں وزرائے دفاع کی میٹنگ کے دوران امریکی وزیر دفاع لائیڈ آسٹن سے ملنے سے انکار کردیا تھا۔چینی صدرشی جن پنگ نے گزشتہ ایک سال کے دوران فوج میں بدعنوانی کے خلاف کارروائیاں کی ہیں چینی صدرشی جن پنگ نے گزشتہ ایک سال کے دوران فوج میں بدعنوانی کے خلاف کارروائیاں کی ہیں چینی صدرشی جن پنگ نے گزشتہ ایک سال کے دوران فوج میں بدعنوانی کے خلاف کارروائیاں کی ہیں چین کی فوج نے گزشتہ سال سے بدعنوانی کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائیاں شروع کی ہوئی ہیں۔ڈونگ بحریہ کے سابق کمانڈر رہیں۔دسمبر میں لی شانگفو کووزیر دفاع کے عہدے اچانک ہٹائے جانے کے بعد انہیں اس منصب پر فائز کیا گیا تھا۔شانگفو سات ماہ تک چین کے وزیر دفاع رہے تھے۔

